**SET-4**

**Series JMS/C**

کوڈ نمبر **Code No. 5B**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **23** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **16** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو (کورس B)

# **URDU** (Course B)

وقت :۳ گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر:۸۰

*Maximum Marks : 80*

## (حصہ الف)

**1۔** درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

"حاتم کے وقت میں ایک بادشاہ (عرب) کا نوفل نام تھا۔ اس کو حاتم کے ساتھ بہ سبب نام آوری کے دشمنی کامل ہوئی، بہت سی فوج ولشکر جمع کر کے لڑائی کی خاطر چلا آیا۔ حاتم تو خدا ترس اور نیک مرد تھا، یہ سمجھا کہ اگر میں بھی جنگ کی تیاری کروں تو خدا کے بندے مارے جائیں گے اور بڑی خونریزی ہوگی۔ یہ سوچ کر تن تنہا اپنی جان لے کر ایک پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپا۔ نوفل نے حاتم کا سب اسباب قرق کیا اور منادی کرادی کہ جو حاتم کو پکڑ لائے پانسو اشرفی انعام پائے۔ یہ سن کر سب کو لالچ آیا اور جستجو حاتم کی کرنے لگے۔"

(i) عرب کے بادشاہ کا نام کیا تھا ؟

(a) فرعون

(b) نوفل

(c) حارث

(d) حاتم

(ii) نوفل فوج اور لشکر لے کر کس کی خاطر چلا آیا ؟

(a) دوستی

(b) رشتہ داری

(c) لڑائی کی

(d) نیکی کی

(iii) حاتم کہاں جا چھپا ؟

(a) پہاڑ کی کھوہ میں

(b) جھاڑیوں میں

(c) درخت کے پیچھے

(d) جنگل میں

(iv) نوفل نے کتنی اشرفیاں انعام میں دینے کی منادی کرائی ؟

(a) دوسو اشرفیاں

(b) چھ سو اشرفیاں

(c) ہزار اشرفیاں

(d) پانسو اشرفیاں

(v) سب کس کی جستجو کرنے لگے ؟

(a) حاتم کی

(b) نوفل کی

(c) منادی کرنے والے کی

(d) بوڑھے کی

**2۔** درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

اے عشق کہیں لے چل، اس پاپ کی بستی سے
نفرت گہہ عالم سے ، لعنت گہہ ہستی سے
ان نفس پرستوں سے ، اس نفس پرستی سے

دور -- اور کہیں لے چل
اے عشق کہیں لے چل

یہ دردبھری دنیا بستی ہے گناہوں کی
دل چاک امیدوں کی، سفاک نگاہوں کی
ظلموں کی، جفاؤں کی، آہوں کی کراہوں کی

دور -- اور کہیں لے چل
اے عشق کہیں لے چل

(i) شاعر اس بند میں کس سے مخاطب ہے ؟

(a) نوجوانوں سے

(b) بچوں سے

(c) بوڑھوں سے

(d) عشق سے

(ii) شاعر نے "نفرت گہہ عالم" کس کو کہا ہے ؟

(a) دہلی کو

(b) ممبئی کو

(c) دنیا کو

(d) گاؤں کو

(iii) شاعر دنیا کو کس چیز کی بستی کہتا ہے ؟

(a) امیروں کی

(b) گناہوں کی

(c) غریبوں کی

(d) نیکیوں کی

(iv) ”آہوں اور کراہوں کی جگہ“ کس کو کہا گیا ہے ؟

(a) دنیا کو

(b) مندر کو

(c) مسجد کو

(d) جنگل کو

(v) شاعر عشق سے کہاں لے جانے کو کہتا ہے ؟

(a) جنگل میں

(b) پاس کے باغ میں

(c) کسی مندر میں

(d) دور۔۔اور کہیں

## (حصّہ۔ب)

**3۔** نیچے دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(i) سائنس کے فائدے اور نقصانات

(ii) میرا اسکول

(iii) اسمارٹ فون کے فائدے اور نقصانات

**4۔** اپنی بہن کو ان کی سالگرہ پر مبارک باد کے لیے خط لکھیے۔ 5

**یا**

بھائی کی شادی کی وجہ سے دو دن کی چھٹی کی درخواست پرنسپل کے نام لکھیے۔

## (حصّہ۔ج)

**5۔** درج ذیل کے متضاد لکھیے۔ 3

خوش نما ، فتح ، قید ، بوڑھا ، لافانی ، زمین

**6۔** درج ذیل الفاظ کے مذکر سے مؤنث اور مؤنث سے مذکر بنائیے۔ 2

خادم ، نانی ، معلّمہ ، دادا

**7.** مترادف الفاظ کی تعریف لکھیے، اور دو مثالیں بھی لکھیے۔ 3

**8.** (i) سابقہ ''ہم'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے 2

(ii) لاحقہ ''مند'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے 2

**9.** درج ذیل لفظوں کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے۔ 3

ترکیب ، احساسات ، خیالات ، تجویز ، فرائض ، باغ

**10.** (i) وہ فعل جو گذرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟ دو مثالیں بھی لکھیے۔ 4

(ii) درج ذیل جملوں میں زمانے کے لحاظ سے کون سی قسم ہے، لکھیے۔ 4

(a) لڑکیاں کھیلتی ہیں

(b) میں پڑھتا ہوں

(c) وہ لکھ رہا ہے

(c) موہن آیا ہے

## (حصّہ۔د)

**11**۔ درج ذیل درسی اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 7

''پوسٹ ماسٹر ایک خوش مزاج اور دردمند دل کا آدمی تھا وہ اس لفافے کو دیکھ کر بے اختیار ہنسنے لگا۔اس نے لفافہ میز پر رکھ دیا اور کہنے لگا۔۔۔واہ، واہ! کیا پختہ ایمان ہے۔ کاش مجھے بھی ایسا ایمان نصیب ہوتا۔۔۔پھر اس نے سوچا ایسے پختہ ایمان اور امید کو پاش پاش کرنا اچھا نہیں۔اس نے اپنے ماتحتوں کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ خط پڑھا جائے اور اس کا جواب دیا جائے۔اس نے ماتحتوں کو ساری بات بتا کر چندے کی درخواست کی۔اس کے عملے نے اس کارِ خیر میں حسب توفیق ہاتھ بٹایا۔پوسٹ ماسٹر نے تمام نوٹ ایک لفافے میں بند کیے پھر اسپر لین شو کا پتہ تحریر کیا۔ اور ایک چٹھی لکھ کر لفافے میں رکھ دی''۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) رضیہ سلطان

(b) پانی کی آلودگی

(c) خدا کے نام خط

(d) بے تکلفی

(ii) خوش مزاج اور دردمند دل کا آدمی کون تھا؟

(a) لین شو

(b) پوسٹ ماسٹر

(c) ڈاکیہ

(d) لین شو کا بیٹا

(iii) ''واہ، واہ کیا پختہ ایمان ہے'' کس نے کہا؟

(a) ڈاکیے نے

(b) لین شو نے

(c) پوسٹ ماسٹر نے

(d) نوکر نے

(iv) پوسٹ ماسٹر نے اپنے ماتحتوں کے سامنے کیا تجویز رکھی؟

(a) خطُ پھاڑ دیا جائے

(b) خط جلا دیا جائے

(c) خط چھپا دیا جائے

(d) خط پڑھا جائے اور اس کا جواب دیا جائے

(v) اس کارِخیر میں کس کے عملے نے ہاتھ بٹایا؟

(a) پوسٹ ماسٹر کے

(b) اسکول کے

(c) عدالت کے

(d) زمیندار کے

(vi) پوسٹ ماسٹر نے لفافے میں نوٹ رکھ کر اس پہ کس کا پتہ لکھا؟

(a) ڈاکیے کا

(b) لین شو کا

(c) ڈاکخانے کا

(d) اسکول کا

(vii) ''پاش پاش'' کے کیا معنی ہیں؟

(a) اندازہ کرنا

(b) بھاگ جانا

(d) رحم کرنا

(c) ٹکڑے ٹکڑے کرنا

یا

''دوسری عالمی جنگ کے زمانے میں ایک نئے مواصلاتی نظام کی ضرورت شدت سے محسوس کی گئی، ایک ایسا نظام جو بہت تیزی سے کام کر سکے۔ سائنس دانوں نے کمپیوٹر کے ذریعے اس نئے نظام کو کھوج نکالا۔ اسی کو ہم انٹرنیٹ کہتے ہیں۔ انٹرنیٹ کمپیوٹر نٹ ورک کا ایک اہم حصہ ہے۔ ہم دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں انٹرنیٹ کے ذریعے کسی سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کا یہ طریقہ ای۔میل E-Mail کہلاتا ہے۔ ای میل انٹرنٹ کی ایک ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر رابطے کا نہایت آسان طریقہ بہت کم خرچ پر مہیا کر دیا ہے۔۔۔۔ موڈیم ایک آلہ ہے جو **کمپیوٹر** کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو ایک خاص قسم کے اشاروں میں تبدیل کر دیتا ہے''۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) آدمی کی کہانی

(b) نئی روشنی

(c) انٹرنیٹ

(d) کاٹھ کا گھوڑا

(ii) نئے مواصلاتی نظام کی ضرورت کب محسوس کی گئی؟

(a) ہندوستان پاکستان کی جنگ کے زمانے میں

(b) دوسری عالمی جنگ کے زمانے میں

(c) پہلی عالمی جنگ کے زمانے میں

(d) ہند، چین کی جنگ کے زمانے میں

(iii) نئے مواصلاتی نظام کو کس نے کھوج نکالا؟

(a) مزدوروں نے

(b) سرمایہ داروں نے

(c) سائنس دانوں نے

(d) کارخانے داروں نے

(iv) کمپیوٹر نٹ ورک (Network) کا ایک اہم حصہ کیا ہے؟

(a) انٹرنیٹ

(b) موڈیم

(c) ای۔میل

(d) ای۔ٹکٹ

(v) انٹرنیٹ کے ذریعے رابطے کا طریقہ کیا کہلاتا ہے؟

(a) ای۔رکشا

(b) ای۔میل

(c) ای۔ریل

(d) ای۔بینک

(vi) وہ آلہ کیا کہلاتا ہے جو کمپیوٹر کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو خاص اشاروں میں تبدیل کر دیتا ہے؟

(a) ٹیلی فون

(b) کمپیوٹر

(c) ای۔میل

(d) موڈیم

(vii) ''مہیا کرنا'' کے کیا معنی ہیں؟

(a) دستیاب کرنا

(b) فراہم کرنا

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

12۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 6

(i) پانی کی آلودگی

(ii) رضیہ سلطان

13۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 4

(i) لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟

(ii) بھیم راؤ امبیڈکر کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے؟

(iii) بندو کو کاٹھ کا گھوڑا کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) اکبر رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہو گیا ؟

14۔ درج ذیل درسی شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

میں جو بولا ، کہا کہ یہ آواز اُسی خانہ خراب کی سی ہے

میر ان نیم باز آنکھوں میں ساری مستی شراب کی سی ہے

(i) پہلا شعر کس شاعر کا ہے ؟

(a) انیس

(b) غالب

(c) میر

(d) ذوق

(ii) درج بالا اشعار شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(a) مثنوی

(b) قصیدہ

(c) غزل

(d) مرثیہ

(iii) اضطراب کے کیا معنی ہیں؟

(a) سکون اطمینان

(b) بے بسی

(c) بے انتہا خوشی

(d) بے چینی

(iv) ''اس کے در'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(a) محبوب کا در

(b) رقیب کا در

(c) عاشق کا در

(d) شاعر کا در

(v) شعر مکمل کیجیے:

ع میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں

(a) ہستی اپنی حباب کی سی ہے

(b) پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(c) اسی خانہ خراب کی سی ہے

(d) ساری مستی شراب کی سی ہے

یا

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے　　جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی　　بھوک اور احتیاج کل دے گی
اس لیے اے شریف انسانو!　　جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے
آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں　　شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

(i) یہ اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں ؟

(a) نیکی اور بدی

(b) اے شریف انسانو!

(c) پہاڑ اور گلہری

(d) گائے اور بکری

(ii) شاعر جنگ کو کیا بتا رہا ہے ؟

(a) ایک مشغلہ

(b) ایک مرحلہ

(c) ایک مرتبہ

(d) ایک مسئلہ

(iii) کل جنگ کیا دے گی؟

(a) بھوک اور احتیاج

(b) آرام واطمینان

(c) بھائی چارہ

(d) شان وشوکت

(iv) جنگ کے ٹلنے کی بات شاعر کس سے کہہ رہا ہے؟

(a) شریف انسانوں سے

(b) مغرور انسانوں سے

(c) ظالم انسانوں سے

(d) بے وقوف انسانوں سے

(v) شمع کے کہاں جلنے کو شاعر بہتر مانتا ہے؟

(a) چمن میں

(b) میدان میں

(c) سبھی کے آنگن میں

(d) جنگل میں

15۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے: 6

(i) نیکی اور بدی

(ii) پہاڑ اور گلہری

(iii) قدم بڑھاؤ دوستو

16۔ (i) درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

اس شعر کی روشنی میں لکھیے اپنی ثنا آپ کون کرتا ہے؟ خالی ظرف کے صدا دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) اس شعر کا مفہوم لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بہ وقت مرگ

ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے، ابھی چلے

(iii) ظالم کو ظلم کا بدلہ کیا ملتا ہے؟ نظم 'نیکی و بدی' کی روشنی لکھیے۔ نظم کے شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(iv) موت کا ایک دن معین ہے

_______________

شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام لکھیے۔